خطبہ رجیعہ

إِنَّ لِي الْكَرَّةَ بَعْدَ الْكَرَّةِ وَالرَّجْعَةَ
بَعْدَ الرَّجْعَةِ وَأَنَا صَاحِبُ
الرَّجَعَاتِ وَالْكَرَّاتِ وَصَاحِبُ
الصَّوْلَاتِ وَالنَّقِمَاتِ وَالدَّوْلَاتِ
الْعَجِيبَاتِ وَأَنَا قَرْنٌ مِنْ حَدِيدٍ
وَأَنَا عَبْدُ اللَّهِ وَأَخُو رَسُولِ اللَّهِ
وَأَنَا أَمِينُ اللَّهِ وَخَازِنُهُ وَعَيْبَتُهُ

بیشک میرے لئے (دنیا میں) بار بار آنا اور رجعت
کرنا ہے۔ میں صاحب رجعات و کرات ہوں۔ میں
حملوں والا سزاؤں والا نعمتوں والا اور عجیب دولتوں والا
ہوں۔ میں (ہر قلعہ کفر کو ڈھانے والا) آہنی سینگ
ہوں میں بندۂ خدا اور برادر رسول خدا ہوں میں خدا
کا امین اور خزانہ دار ہوں اور اس کے رازوں کا محفوظ
صندوق ہوں۔ میں حجاب خدا، وجہ خدا، صراط خدا،

سِرِّهٖ وَحِجَابِهٖ وَوَجْهِهٖ وَصِرَاطِهٖ
وَمِيزَانِهٖ وَاَنَا الْحَاشِرُ اِلَى اللّٰهِ وَاَنَا
كَلِمَةُ اللّٰهِ الَّتِيْ يَجْمَعُ بِهَا الْمُتَفَرِّقَ وَيُفَرِّقُ
بِهَا الْمُجْتَمِعَ وَاَنَا اَسْمَآءُ اللّٰهِ الْحُسْنٰى وَ
اَمْثَالُهُ الْعُلْيَا وَاٰيَاتُهُ الْكُبْرٰى وَاَنَا
صَاحِبُ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ اُسْكِنُ اَهْلَ
الْجَنَّةِ وَاَهْلَ النَّارِ النَّارَ وَاِلَيَّ تَزْوِيجُ
اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاِلَيَّ عَذَابُ اَهْلِ النَّارِ
وَاِلَيَّ اِيَابُ الْخَلْقِ جَمِيعًا. وَاَنَا الْمَآبُ
الَّذِيْ يَؤُوْبُ اِلَيْهِ كُلُّ شَيْءٍ بَعْدَ
الْقَضَآءِ وَاِلَيَّ حِسَابُ الْخَلْقِ جَمِيعًا
وَاَنَا صَاحِبُ الْحَسَنَاتِ وَاَنَا الْمُؤَذِّنُ
عَلَى الْاَعْرَافِ وَاَنَا بَارِزُ الشَّمْسِ
وَاَنَا دَآبَّةُ الْاَرْضِ وَاَنَا قَسِيمُ النَّارِ
وَاَنَا خَازِنُ الْجِنَانِ وَصَاحِبُ الْاَعْرَافِ
وَاَنَا اَمِيرُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَيَعْسُوْبُ الْمُتَّقِيْنَ وَ
اٰيَةُ السَّابِقِيْنَ وَلِسَانُ النَّاطِقِيْنَ
وَخَاتِمُ الْوَصِيِّيْنَ وَلِسَانُ وَوَارِثُ
النَّبِيِّيْنَ وَخَلِيفَةُ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ
وَصِرَاطُ رَبِّيَ الْمُسْتَقِيْمُ وَقِسْطَاسُهُ
وَالْحُجَّةُ عَلٰى اَهْلِ السَّمٰوَاتِ وَ
الْاَرَضِيْنَ وَمَا فِيْهِمَا وَبَيْنَهُمَا وَاَنَا
الَّذِيْ اَحْتَجَّ اللّٰهُ بِهٖ عَلَيْكُمْ فِيْ
ابْتِدَآءِ خَلْقِكُمْ وَاَنَا الشَّاهِدُ
يَوْمَ الدِّيْنِ. وَاَنَا الَّذِيْ عُلِّمْتُ عِلْمَ

اور اس کی میزان ہوں میں ہی (مخلوق کو) خدا کی طرف جمع کرنے والا ہوں میں وہی کلمہ خدا ہوں جس کے ذریعہ ہر متفرق چیز اکٹھی اور ہر اکٹھی چیز متفرق ہو جاتی ہے میں خدا کے اسمائے حسنیٰ عالی مرتبہ امثال اور بڑی نشانیوں کا مظہر ہوں۔ اہل جنت کو جنت میں اور اہل نار کو جہنم میں داخل کروں گا۔ اہل جنت کی تزویج اور اہل نار پر عذاب کرنا میرے ہی ذمہ ہے اور تمام مخلوق کی بازگشت میری ہی طرف ہوگی اور میری ہی طرف ہر امر بعد قضائے الٰہی رجوع ہوتا ہے اور ساری خلق کا حساب میرے ہی ذمہ ہے۔ میں ہی نیکیاں بخشنے والا ہوں اور اعراف کی طرف پکارنے والا ہوں میں ہی آفتاب کو واپس کرنے والا ہوں۔ میں ہی دابۃ الارض ہوں اور میں ہی جہنم کا تقسیم کرنے والا ہوں۔ میں ہی خازن بہشت ہوں اور صاحب اعراف ہوں میں امیر المومنین اور متقیوں کا یعسوب، سابقین کی نشانی، ناطقین کی زبان، خاتم الوصیین اور وارث انبیین اور پروردگار عالم کا خلیفہ ہوں میں اپنے رب کا صراط مستقیم اور تمام اہل سماوات و زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب پر اللہ تعالیٰ کی حجت ہوں۔ میں وہ ہوں کہ اللہ نے ابتدائے خلقت کے وقت تم پر احتجاج و اتمام حجت کیا اور میں ہی یوم قیامت کا شاہد ہوں میں علم منایا، بلایا، قضایا اور فصل الخطاب

اور علم انساب جانتا ہوں۔ میں ہی تمام نبیوں کی مخفی نشانیوں کا محافظ ہوں۔ میں ہی صاحب عصا میسم ہوں میں ہی ہوں جس کے لئے بادل، برق، گرج تاریکیاں،

اُلمَنَایَا وَالبَلَایَا وَالقَضَایَا وَفَصْلِ
الخِطَابِ وَالاَنسَابِ وَاستَحفَظتُ آیَاتِ
النَّبِیِّینَ المُستَخفِینَ المُستَحفَظِینَ وَاَنَا
صَاحِبُ العَصَاءِ وَالمِیسَمِ وَاَنَا الَّذِی
سُخِّرَتْ لِیَ السَّحَابُ وَالرَّعدُ وَ
البَرقُ وَالظُّلَمُ وَالاَنوَارُ وَالرِّیَاحُ
وَالجِبَالُ وَالبِحَارُ وَالنُّجُومُ وَالشَّمسُ
وَالقَمَرُ وَاَنَا القَرنُ الحَدِیدُ وَاَنَا
فَارُوقُ الاُمَّةِ وَاَنَا الحَادِی وَاَنَا الَّذِی
اَحصَیتُ کُلَّ شَیئٍ عَدَدًا بِعِلمِ
اللّٰہِ الَّذِی اَودَعَنِیہِ وَبِسِرِّہِ
الَّذِی اَسَرَّہُ اِلٰی مُحَمَّدٍ وَ
اَسَرَّہُ النَّبِیُّ اِلَیَّ وَاَنَا الَّذِی اَنحَلَنِی
رَبِّی اِسمَہُ وَکَلِمَتَہُ وَحِکمَتَہُ وَعِلمَہُ
وَفَہمَہُ۔ یَا مَعشَرَ النَّاسِ سَلُونِی
قَبلَ اَن تَفقِدُونِی، اَللّٰہُمَّ
اِنِّی اُشہِدُکَ وَاستَعدِیکَ عَلَیہِم
وَلَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ العَلِیِّ
العَظِیمِ وَالحَمدُ لِلّٰہِ مُتَّبِعِینَ
اَمرَہُ ٥

روشنیاں، ہوائیں، پہاڑ، سمندر، ستارے، آفتا...
اور ماہتاب مسخر کردیئے گئے ہیں قوت خدا ک...
آہنی سینگ ہوں، اور میں فاروق امت ہوں۔
یعنی مجھ ہی سے حق و باطل میں تمیز ہوتی ہے، م...
ہی مخلوق کو اللہ کی طرف ہنکانے والا ہوں میں...
ہی وہ ہوں جس نے ہر شئے، کو گن گن کر اس...
ذریعہ جو خدا نے مجھ میں ودیعت کیا ہے...
اور اس رازِ قدرت کے ذریعہ جو اس نے محم...
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہونچایا اور نبی...
نے مجھ کو پہونچایا احصا کیا ہے۔ میں ہی وہ
ہوں جسے خدا نے اپنا نام، اپنا کلمہ اپنی
حکمت اور اپنا علم و فہم عطا فرمایا۔
اے لوگو! سوال کر لو مجھ سے قبل ا...
کے کہ مجھے نہ پاؤ خداوندا میں تجھ کو ان پ...
گواہ بناتا ہوں اور تجھ ہی سے مدد چاہت...
ہوں کوئی قوت و طاقت نہیں ہے سوائے...
اس خدائے علی و عظیم کے اور ہم ا...
کی حمد کرتے ہیں اور اس کے حکم کا...
اتباع کرتے ہیں۔
(بحار الانوار ج ۱۳)

نوٹ: اس خطبہ کی شرح بحارالانوار جلد ۱۳ باب الرجعت میں ملاحظہ فرمائیں تو واضح ہوگا کہ اس میں کیسے کیسے معارفِ ایمانیہ اور حقائقِ نورانیہ مذکور ہیں۔